نماز جمعہ پڑھنے والوں کے فرائض

نماز جمعہ پڑھنے والوں کے فرائض

مسئلہ۷۸۱۔ احتیاط کی بناپر نماز پڑھنے والوں کو چاہئے کہ امام کے خطبوں کو سنیں اور خاموش رہیں اور باتیں کرنے سے پرہیز کریں۔

مسئلہ۷۸۲۔ احتیاط مستحب یہ ہے کہ مامومین خطبے کے دوران امام کی طرف رخ کرکے بیٹھیں اور نماز میں مجاز حد سے زیادہ قبلے سے رخ نہ پھیریں۔

مسئلہ۷۸۳۔ اگر ماموم خطبوں کا کوئی بھی حصہ نہ سن سکے بلکہ صرف نماز کے دوران پہنچے اور امام جمعہ کی اقتدا کرے تو اس کی نماز صحیح ہے اور نماز ظہر کے بدلے کافی ہے یہاں تک کہ اگر نماز جمعہ کی آخری رکعت کے رکوع سے چند لمحے پہلے پہنچے تو بھی نماز جمعہ کی نیت سے اقتدا کرسکتا ہے اور اپنی دوسری رکعت کو نماز جمعہ کی دوسری رکعت کی طرح بجالائے اور یہ نماز، نماز ظہر کے بدلے کافی ہے۔